ilmkidunya
علم کی دنیا

Physical Education - FA Part 2 Physical Education Chapter 6 Urdu Medium Short Questions Test

Q1. بڑی آنت کی مختصر وضاحت کریں.

Ans 1: چھوٹی آنت ایک بڑے قطر والی اعضلاتی میں جاکر ختم ہو جاتی ہے جس کو بڑی آنت کہتے ہیں.یہ آنت تقریبا 1.80 میٹر لمبی ہوتی ہے. اس آنت میں تھوڑے تھوڑے وقفے یا فاصلے کے بعد سلوٹیں سے بنی ہوئی ہیں،بڑی اور چھوٹی آنت کے مقام اتصال پرایک بٹوا سے بنا ہوتا ہے جو خوراک واپس جانے سے روکتا ہے.

Q2. لبلبہ پر مختصر نوٹ لکھیں.

Ans 1: لبلبہ ایک سفید نگ کا پتے کی شکل کا لمبا غدود ہے. اس کا سرہارہ انکشتی آنت کے خم ،جسم معدہ کے پیچھے اور دم تلی کے ساتھ لگی ہوتی ہے اس کا رنگ ہلکا زرد اور وزن 90 گرام ہوتا ہے.اس سے ایک خاص رطوبت خارج ہوتی ہے جو ہاضمے میں مدد دیتی ہے.

Q3. نظام انہظام میں شامل اعضاءکے نام تحریر کریں.

Ans 1: 1.منہ 2.زبان 3.دانت 4.حلق 5.خوراک کی نالی 6.معدہ 7.چھوٹی آنت 8.بڑی آنت 9.کانی آنت 10 سیدھی آنت 11 جگر 12.لبلبہ ریکٹم اور مقعد

Q4. کھیل کے تین فوائد لکھیں.

Ans 1: 1.صحت مند مقابلہ اور باہمی تعاون 2.قیادت کی تربیت 3.قدرتی صلاحیتوں کا اجاگر ہونا.

Q5. کیا اچھا کھلاڑی کھیل کا پابند ہوتا ہے؟

Ans 1: کھیل وقت کی پابندی سکھاتا ہے.کھیل کے لیے وقت مقرر ہوتا ہے.کھیل کے دوران وقت کو خاص اہمیت دی جاتی ہے،کھیل کے اصول کی پابندی وقت کی پابندی کے لیے راہ ہموار کرتی ہے اور کھلا ڑیوں کو وقت کی پابندی سکھاتا ہے.

Q6. قلبی عضلات پر نوٹ لکھیں÷

Ans 1: قلبی عضلات عجیب خاصیت کے حامل ہیں،ساخت میں دھاری دار یعنی ارادی عضلات سے ملتے جلتے ہیں مگر کام کے لحاظ سے غیر ارادی ہیں.یہ عضلات مرکزی نظام اعصاب کے ماتحت نہیں ہوتے ،عصبی تحریک کے بغیر ان میں متواتر سکڑنے کی صلاحیت ہوتی ہے.

Q7. کانی آنت سے کیا مراد ہے ؟

Ans 1: سکیم کے ساتھ ایک 15-14 سینٹی لمبی نالی لٹکی ہوتی ہے جس کو کانی آنت کہتے ہیں.

Q8. نظام عضلات سے کیامراد ہے؟

Ans 1: جسم کے تمام حصوں میں جلد کے نیچے گوشت کی جو تہیں پائیں جاتی ہیں وہ عضلات کہلاتی ہیں، یہ گوشت کے باریک باریک ر یشے ہوتے ہیں جو برابر ایک جھلی کے ذریعے آپس میں وابستہ ہوتے ہیں.

Q9. جگر کے دو افعال تحریر کریں.

Ans 1: 1.جگر جسم کے لیے سرخ خلیات مہیا کرتا ہے. 2.جگر چکنائی کو ہضم کرنے میں مدد دیتا ہے.

Q10. اچھا قومی کھلاڑی قوم کا سرمایہ ہوتا ہے.وضاحت کریں.

Ans 1: اچھا کھلاڑی قوم و ملک کا نمائندہ ہوتا ہے،وہ اپنی قدرتی صلاحیتوں کو اجاگر کر کے قوم اور ملک کا نام روشن کرتاہے،بیرون ملک اپنے کھیل کے کرتب دکھا کر ملک کے لیے زرمبادلہ لاتا ہے.یہی وجہ ہے کہ اچھے کھلاڑی کو قوم اور ملک کے لیے سرمایہ کہا جاتا ہے.